سوال

(508) کفارہ مجلس کی دعا پڑھنے کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مجلس کے اختتام پر پڑھی جانی والی دعا سب مل کر پڑھیں یا ایک آدمی ہی پڑھے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اختتام مجلس پر مجلس میں ہونے والی لغو باتوں کے کفارہ کے لئے ہر شخص کو یہ دعا پڑھنی چاہیئے، لیکن اس دعا کو اجتماعی طور پر پڑھنے کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔

سیدنا ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں:

«كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول بأخرة إذا أراد أن يقوم من المجلس "سبحانك اللهم وبحمدك أشهد أن لا إله إلا أنت أستغفرك وأتوب إليك". فقال رجل يا رسول الله إنك لتقول قولا ما كنت تقوله فيما مضى. قال "كفارة لما يكون في المجلس». [ابوداود، كتاب الأدب، باب في كفارة المجلس، رقم: 4859 الألباني: حسن صحيح]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے آخری ایام میں جب کسی مجلس سے اٹھتے تو یہ کلمات کہتے تھے «سبحانک اللھم وبحمدک أشھد أن لا إلہ إلا أنت أستغفرک وأتوب إلیک» ایک آدمی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھ لیا کہ اے ا کے رسول! آپ یہ کلمات کہتے ہیں جو پہلے نہیں کہا کرتے تھے (اس کی کیا وجہ ہے؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "یہ اس چیز کے کفارے کے لیے ہے جو مجلس میں ہو جاتی ہے۔"

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد 2